© rasailojaraid.com

ڈاکٹر معین الدین عقیل :

# تعلیقات مصباح الہدایت ( مشمولہ " تحقیق " ، شمارہ ہفتم )

# پر چند اضافے

تعلیق نمبر (۵) کے ذیل میں ظہیر الدین بلگرامی کی تصانیف کے ضمن میں " فہرست کتب موجودہ مطبع نولکشور واقع لکھنؤ و کانپور " ( مطبوعہ ۱۸۷۴ء ) ) سے یہ مزید اطلاع ملتی ہے:

" اسرار کربلا " منشی محمد ظہیر الدین خان بہادر بلگرامی نے اس کتاب میں حالات معرکہ کربلائے معلی بروایت احادیث معتبرہ درج کیے ہیں۔ ص ۳۸۔

" اسرار محبت " کتاب پاکیزہ خیالات من تصنیفات دبیرالانشا مولوی محمد ظہیرالدین صاحب بہادر سے ہے۔ ص ۴۳ ، ۴۴

" اسرار غفلت " تصنیف فاضل اجل دبیرالانشا جناب منشی محمد ظہیرالدین خان بہادر بلگرامی حسب فرمائش جناب نواب میر غلام بابا خان صاحب رئیس سورت و بتحریک مشفقی منشی میاں داد خاں سیاح رفیق جناب ممدوح ایشان۔ ص ۴۵۔

مذکورہ بالا " فہرست کتب ... " میں ظہیر بلگرامی کی ان مزید تصانیف کا ذکر ملتا ہے:

" مرافعہ قضا و قدر " از منشی محمد ظہیر الدین بلگرامی حال رئیس لکھنو و مدرس اول کیننگ کالج نے مناظرہ روح و نفس نہایت خوب بیان کیا ہے ، ص ۳۱ -

" مرثیہ ظہیر " ص ۴۵

" مرثیہ ظہیر فارسی " مصائب اہلبیت میں منشی محمد ظہیر الدین صاحب نے تصنیف فرمایا ہے - ص ۴۷ -

" فہرست کتب ردیف وار نولکشور پریس لکھنو " ( مائیکرو فلم ، مخزونہ برٹش لائبریری ، لندن ) میں کالم " زبان و فن کتاب " کے تحت " اسرار غفلت " ( فارسی ) ، " اسرار محبت " ( فارسی ، تصوف مذہب اسلامیہ ) ، " اسرار کربلا " ( اردو ) درج ہے - ص ۱۹ ، ۲۱

(۷) کے تحت گراہم شاکی اہم تصنیف " Printing in Calcutta to 1800 " ( مطبوعہ : لندن ، ، ۱۹۸۱ء ) حوالہ دیا گیا تھا، لیکن اسی فاضل محقق نے اس موضوع کو بے حد وسعت دے کر ایک بہت ضخیم اور نہایت وقیع کتابیات

" SOUTH ASIA, A RETROSPECTIVE BIBLIOGRAPHY 1556-1800 " Vol.1

© rasailojaraid.com